MEMBERS APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified پاکستان کا کثیر الاشاعت اخبار
کوئٹہ، گوادر، جب اسلام آباد، کراچی اور پشاور سے بیک وقت شائع ہونیوالا اردو روزنامہ

روزنامہ
عسکر انٹرنیشنل اسلام آباد
چیف ایڈیٹر
سید فاروق شاہ

جلد 12 | 06 فروری، بروز جمعرات 14462025ء (صفحات 4) قیمت 10 روپے | شمارہ 250

کسی بھی جارحیت کا جواب بغیر کسی تاخیر کے دیا جائے گا، آرمی چیف

پاک فوج قوم کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع میں پوری قوت کے ساتھ مصروف، کوئی شک نہیں کہ کشمیر ایک دن آزاد ہوگا اور کشمیری عوام کی مرضی اور تقدیر کے مطابق پاکستان کا حصہ بنے گا

بھارتی جبر واستبداد کے خلاف ان کے جائز اور حق پر مبنی مقصد کی حمایت کرے گا، جنرل عاصم منیر کا یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر مظفر آباد کا دورہ، شہدا کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا

راولپنڈی (آئی این پی) آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ پاک فوج قوم کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع میں پوری قوت کے ساتھ مصروف ہیں، کسی بھی جارحیت کا جواب بغیر کسی تاخیر کے دیا جائے گا، اس میں کوئی شک نہیں کہ کشمیر ایک دن آزاد ہوگا اور کشمیری عوام کی مرضی اور تقدیر کے مطابق پاکستان کا حصہ بنے گا، پاکستان ہمیشہ کشمیریوں کے ساتھ کھڑا رہے گا اور بھارتی جبر واستبداد کے خلاف

(بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

سرکاری ملازمین کیلئے ہاؤس رینٹل سیلنگ بڑھانے کی سفارش

گریڈ 21 کے ملازمین کا اسلام آباد کے لیے ہاؤس رینٹل سیلنگ 82 ہزار 261 روپے سے بڑھا دیا

اسلام آباد (آئی این پی) وزارت ہاؤسنگ اینڈ

(بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

یوم کشمیر پر بڑے شہروں میں ریجنل پاسپورٹ دفاتر کھلے رہے

اسلام آباد (آئی این پی) یوم یکجہتی کشمیر پر ملک کے بڑے شہروں میں ریجنل پاسپورٹ دفاتر کھلے رہے۔ ترجمان امیگریشن ہیڈ کوارٹرز کے مطابق لاہور، کراچی، اسلام آباد کے ریجنل پاسپورٹ دفاتر عوام کیلئے کھلے رہے، ریجنل پاسپورٹ آفس گارڈن

(بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد ہائیکورٹ، عمران، بشریٰ بی بی کی بریت کیخلاف اپیل نئے بینچ کیلئے واپس بھیجنے کا حکم، تحریری حکم نامہ جاری

عدالت نے سپرنٹنڈنٹ جیل اڈیالہ نوٹس جاری کرتے ہوئے 6 فروری کو ذاتی حیثیت میں طلب کرلیا

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی عدت نکاح کیس میں بریت کے خلاف اپیل پر نیا بینچ بنانے کیلئے واپس بھیجنے کا حکم نامہ جاری کردیا۔ جسٹس اعظم خان نے تحریری حکم نامے میں کہا کہ میں نے بطور ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج یہ کیس سن رکھا ہے مناسب یہی ہے کہ اسلام آباد ہائیکورٹ کا کوئی اور بینچ اس کیس کی سماعت کرے، رجسٹرار آفس کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ

(بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)



مظفر آباد، وزیراعظم شہباز شریف یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر سیمینار سے خطاب کررہے ہیں

آزاد جموں و کشمیر کی ترقی ہمیں بے حد عزیز ہے، شہباز شریف

5 فروری کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کیلئے ہمارے پختہ عزم کی تجدید کا دن، یہ یاد دلاتا ہے کہ کشمیر 5 اگست جیسے اقدامات سے بھارت کا حصہ نہیں بن سکتا

بھارت اور خطے کے بہترین مفاد میں ہے کہ وہ پانچ اگست 2019 کی سوچ سے باہر نکلے، بھارت مقبوضہ کشمیر میں لاکھوں کی فوج میں اضافہ کرتا جارہا ہے لیکن کشمیریوں کی آزادی کی تڑپ بھی بڑھتی جارہی ہے

مظفر آباد (آئی این پی) وزیراعظم شہباز شریف نے بھارت کو دعوت دی ہے کہ وہ مسئلہ کشمیر پر بامعنی اور نتیجہ خیز مذاکرات کرے، 5 فروری یاد دلاتا ہے کہ کشمیر 5 اگست جیسے اقدامات سے بھارت کا حصہ نہیں بن سکتا، مقبوضہ کشمیر کیلئے پاکستان کی حمایت میں کمی آئی ہے نہ آئے گی، پاکستان اور اس کے عوام کشمیریوں کو حق خودارادیت ملنے تک اور آزادی کی جدوجہد میں ان کے ساتھ کھڑے ہیں، بھارت اور خطے کے بہترین مفاد میں ہے کہ وہ پانچ اگست 2019 کی سوچ سے باہر نکلے۔ ان خیالات کا اظہار وزیراعظم نے بدھ کو یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے خصوصی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعظم شہباز

(بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

وزیر داخلہ محسن نقوی کی چینی ہم منصب سے ملاقات

چین سے پولیس کے لیے جدید ٹیکنالوجی اور آلات خریدنے کے خواہاں ہیں۔ ملاقات میں نیشنل پولیس اکیڈمی کے ساتھ تعاون پر بات چیت ہوئی

وفاقی وزیر داخلہ اور چینی ہم منصب کے درمیان ملاقات 2 گھنٹے طویل رہی، وزیر داخلہ محسن نقوی نے چینی ہم منصب کو پاکستان کے دورے کی دعوت بھی دی

بیجنگ (آئی این پی) پاکستان اور چین نے انٹیلی جنس شیئرنگ کو مزید بہتر بنانے پر اتفاق کیا ہے، بیجنگ پولیس اور اسلام آباد پولیس میں تعاون بڑھایا جائیگا، چین سے پولیس کے لیے جدید ٹیکنالوجی اور آلات خریدے جائیں گے۔ تفصیل کے مطابق وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اپنے دورہ چین کے موقع پر چینی ہم منصب کیونجن سے ملاقات کی، جس میں انٹیلی جنس شیئرنگ کو

(بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

بیجنگ، صدر مملکت آصف علی زرداری چائنہ کی کانگریس پارٹی کے رکن سے مصافحہ کررہے ہیں

مظفر آباد، چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر مظفر آباد کے دورے کے دوران پروگرام سے خطاب کررہے ہیں

قومی اسمبلی کی تشکیل کے ایک سال بعد پبلک اکاؤنٹس کمیٹی فعال

16 ویں پی اے سی کے 8 اجلاس 12 فروری سے 11 مارچ تک ہوں گے

اسلام آباد (آئی این پی) قومی اسمبلی کی تشکیل کے ایک سال بعد پبلک اکاؤنٹس کمیٹی فعال ہوگئی۔ 16 ویں پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے 8 اجلاس آئندہ ایک ماہ کے دوران 12 فروری سے 11 مارچ تک ہوں گے جب کہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی 8 وزارتوں اور ڈویژنز آڈٹ رپورٹس کا جائزہ لے گی۔ 12 فروری کے

(بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

عالمی برادری بھارت کے کشمیر پر غاصبانہ تسلط کا نوٹس لے، فضل الرحمان

کشمیر کے شہیدوں کا خون رائیگاں نہیں جائے گا، بھارت کے مظالم تاریخ کا سیاہ ترین باب ہے، عالمی طاقتیں بھارتی ظلم پر کب بولیں گی

5 فروری ظلم کے خلاف جدوجہد، حق کی حمایت اور آزادی کی تحریک کا دن، ہمارے حکمرانوں نے کشمیریوں کے خون اور ناموس کو اپنی سیاست کے لئے استعمال کیا ہے، یوم یکجہتی کشمیر پر پیغام

اسلام آباد (آئی این پی) جمعیت علما اسلام (جے یو آئی) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ عالمی برادری بھارت کے کشمیر پر غاصبانہ تسلط کا نوٹس لے۔ یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر اپنے بیان میں مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ اقوام متحدہ کی قرارداد پر عملدرآمد میں بھارت کا منفی رویہ اور ہٹ دھرمی رکاوٹ ہے، اقوام متحدہ کشمیر میں استصواب رائے کے حوالے سے اپنی ذمہ

(بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی میں فیوچر لیڈرشپ ٹریننگ پروگرام کا انعقاد

مشرق وسطی کے حالات سے واضح ہے کہ طویل مدتی تنازعات سے بچنا چاہیے، شہباز شریف

حق خودارادیت بین الاقوامی قانون کا بنیادی اصول ہے، لوگوں کی حقیقی امنگوں کو دبا کر پائیدار امن کا حصول ناممکن ہے

اسلام آباد (آئی این پی) بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کے دفتر برائے پروفیشنل ٹریننگ، کے زیر اہتمام منعقدہ "فیوچر لیڈرشپ ٹریننگ پروگرام" کا دوسرا مرحلہ کامیابی سے مکمل ہوگیا۔ پروگرام کی اختتامی تقریب میں بین الاقوامی اسلامی

(بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم شہباز شریف کہا ہے کہ حق خودارادیت بین الاقوامی قانون کا بنیادی اصول ہے، لوگوں کی حقیقی امنگوں کو دبا کر پائیدار امن کا حصول ناممکن ہے، مشرق وسطی کے حالات سے واضح ہے کہ طویل مدتی تنازعات سے بچنا چاہیے۔ یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر وزیراعظم آفس سے بدھ کو جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ ہر سال اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی ایک قرارداد منظور کرتی ہے جس میں اس بات پر ز

(بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

پرنس کریم آغا کی وفات پر افسوس ہوا، چیئرمین سینیٹ

پرنس کریم آغا خان کی وفات کی خبر سن کر دل انتہائی افسردہ ہے۔ وہ ایک عظیم انسان تھے جو محبت، امن اور انسانیت کے لیے بے مثال خدمات انجام دیتے رہے

پرنس کریم آغا خان کی تعلیم اور صحت کے شعبوں میں گراں قدر خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے پسماندہ اور متوسط طبقے کے لیے بے شمار فلاحی کام کیے

اسلام آباد (آئی این پی) قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی نے اسماعیلی کمیونٹی کے روحانی پیشوا اور آغا خان ڈیولپمنٹ نیٹ ورک کے بانی و سربراہ پرنس کریم آغا خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ قائم مقام صدر نے اپنے تعزیتی پیغام میں کہا کہ پرنس کریم آغا خان کی وفات کی خبر سن کر دل انتہائی افسردہ ہے۔ وہ ایک عظیم انسان تھے جو محبت، امن اور انسانیت

(بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

فوج پی ٹی آئی کے ساتھ بالکل بھی مذاکرات میں شامل نہیں، رانا ثنا اللہ

علی امین گنڈاپور سے پوچھیں 80 فیصد باتیں کس سے طے ہوئی ہیں، میرے نزدیک تو ان کی باتیں محسن نقوی سے ہی طے ہوئی ہوں گی، گفتگو

ان کی حکومتی ارکان میں سے کسی سے ملاقات نہیں ہوئی اگر ان کی کسی اور سے بات ہورہی ہے تو وہ جانے اور ان کا سودا جانے، ان کا فوج کے سینئر افسران سے بات کا دعویٰ غلط بیانی ہے

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ فوج پی ٹی آئی کے ساتھ بالکل بھی مذاکرات میں شامل نہیں۔ ایک انٹرویو میں رانا ثنا اللہ نے کہا کہ علی امین گنڈاپور سے پوچھیں کہ 80 فیصد باتیں کس سے طے ہوئی ہیں، میرے نزدیک تو ان کی باتیں محسن نقوی سے ہی طے ہوئی ہوں گی، ان کی حکومتی ارکان میں سے کسی سے ملاقات نہیں ہوئی

(بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کررہے ہیں

مظفر آباد، سابق قومی کپتان شاہد آفریدی یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کررہے ہیں

وزیراعظم یوتھ لون پروگرام، بیرون ملک ملازمت کے خواہشمند افراد کو قرض دینے کا فیصلہ

قرض بیرون ملک ملازمت کے متلاشی افراد کی تربیت، سفری ویزے اور رہائشی اخراجات کیلئے دیا جائے گا

اسلام آباد (آئی این پی) حکومت نے وزیراعظم یوتھ لون پروگرام کے تحت بیرون ملک ملازمت کے خواہشمند افراد کو 10 لاکھ روپے تک کا قرض دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے مطابق یہ قرض بیرون ملک ملازمت کے متلاشی افراد کی تربیت، سفری ویزے اور رہائشی اخراجات کیلئے دیا جائے گا۔ یہ قرض 21 سے 45 سال کی عمر کے پاکستانی شہری حاصل کرنے کے اہل ہیں۔ یہ قرض حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ درخواست گزار کے پاس بیرون ملک ملازمت فراہم کرنے والی کمپنی کا تصدیق شدہ نوکری کا لیٹر موجود ہو۔ قرض حاصل کرنے کیلئے درخواست گزار کو یہ وضاحت دینا ہوگی کہ وہ یہ رقم کہاں اور کس مقصد کیلئے استعمال کرے گا۔ یہ قرض پانچ سال کی مدت میں واپس کرنا ہوگا اور اس پر رائج الوقت شرح سود سے تین فیصد زیادہ سود ادا کرنا پڑے گا، یہ قرض درخواست گزار اور پاکستان میں اس کے کسی قریبی رشتہ دار کے نام پر مشترکہ طور پر دیا جائے گا، اس کا مطلب ہے کہ بیرون ملک جانے والے شخص کے خاندان کے کسی فرد کو ضامن بننا ہوگا۔ اس حکومتی اقدام

(بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

مرگی سے بچاؤ کا عالمی دن 14 فروری کو منایا جائے گا

جس میں مقررین ڈاکٹرز مرگی سے بچاؤ کے متعلق احتیاطی تدابیر سے آگاہی فراہم کریں گے

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں مرگی سے بچاؤ کا عالمی دن 14 فروری کو منایا جائے گا۔ اس سلسلہ میں محکمہ صحت اور این جی اوز کے زیر اہتمام ملک بھر میں آگاہی واک اور سیمینارز انعقاد پذیر ہوں گے جس میں مقررین ڈاکٹرز مرگی سے بچاؤ کے متعلق احتیاطی تدابیر سے آگاہی فراہم کریں گے الیکٹرانک میڈیا پروگرامز نشر اور پرنٹ میڈیا فیچر شائع کریں گے۔ پاکستان سمیت دنیا بھر میں مرگی سے بچاؤ

(بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

سپریم کورٹ آئینی بنچ میں خیبر پختونخوا یونیورسٹیز وائس چانسلر تقرری کیس کی سماعت رواں ہفتے ہوگی

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ آئینی بنچ میں خیبر پختونخوا یونیورسٹیز وائس چانسلر تقرری کیس۔ کی سماعت رواں ہفتے ہوگی۔ جسٹس امین الدین خان سربراہی میں آئینی بینچ کیس کی سماعت

(بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)



اسلام آباد، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر سیمینار سے خطاب کررہے ہیں

"کفر ٹوٹا خدا خدا کرکے" پی اے سی کے اجلاسوں کا شیڈول جاری

پاکستان سمیت دنیا بھر میں سماجی انصاف کا عالمی دن 20 فروری کو منایا جائے گا

ریلوے اسٹیشن پر ان کو دل کا دورہ پڑا اور وہ کسی ہم سفر کے کندھوں پر سر رکھ کر اس خالق حقیقی سے جا ملے

اسلام آباد (آن لائن) کفر ٹوٹا خدا خدا کرکے، پارلیمنٹ کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے اجلاسوں کا شیڈول جاری کردیا گیا۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے جاری ہونیوالے پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے

(بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں سماجی انصاف کا عالمی دن 20 فروری کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد سماجی انصاف اور مساوات کو فروغ دینا ہے اس دن کے حوالے سے سرکاری و غیر سرکاری اداروں اور تنظیموں کے زیر اہتمام مختلف شہروں میں سیمینارز، کانفرنسز، مذاکرے اور مختلف تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس میں سیاسی و سماجی شخصیات، مذہبی رہنما، ماہرین قانون اور دیگر

(بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

پٹرولیم مصنوعات کی فروخت میں جاری مالی سال کے پہلے 7 ماہ میں سالانہ بنیاد پر 4 فیصد اضافہ ہوا، رپورٹ

اٹک پٹرولیم 0.83 ملین ٹن، شیل 0.68 ملین ٹن اور حیسکول کی پٹرولیم مصنوعات کی فروخت کا حجم 0.30 ملین ٹن ریکارڈ کیا گیا

اسلام آباد (آئی این پی) ملک میں پٹرولیم مصنوعات کی فروخت میں جاری مالی سال کے پہلے 7 ماہ میں سالانہ بنیاد پر 4 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ انڈسٹری کے اعداد و شمار کے مطابق مالی سال کے پہلے 7 ماہ میں ملک میں 9.41 ملین ٹن پٹرولیم مصنوعات کی فروخت ریکارڈ کی گئی جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 4 فیصد زیادہ ہے، گزشتہ مالی سال اسی مدت میں ملک میں 9.07 ملین ٹن پٹرولیم مصنوعات کی فروخت ریکارڈ کی گئی تھی جنوری میں 1.38 ملین ٹن پٹرولیم مصنوعات کی فروخت ریکارڈ کی گئی جو گزشتہ سال جنوری کے برابر ہے۔ دسمبر کے مقابلے میں جنوری میں پٹرولیم مصنوعات کی فروخت میں ماہانہ بنیاد پر 8 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ دسمبر میں ملک میں 1.28 ملین ٹن پٹرولیم مصنوعات کی فروخت ہوئی جو جنوری میں بڑھ کر 1.38 ملین ٹن ہوگئی۔ جاری مالی سال کے پہلے 7 ماہ میں پٹرول کی فروخت کا حجم 4.37 ملین ٹن، ہائی سپیڈ ڈیزل 4.06 ملین ٹن اور فرنس آئل کی فروخت کا حجم 0.41 ملین ٹن ریکارڈ کیا گیا۔ پہلے 7 ماہ میں پی ایس او کی پٹرولیم مصنوعات کی فروخت کا حجم 4.28 ملین ٹن، اٹک پٹرولیم 0.83 ملین ٹن، شیل 0.68 ملین ٹن اور حیسکول کی پٹرولیم مصنوعات کی فروخت کا حجم 0.30 ملین ٹن ریکارڈ کیا گیا۔ ملک میں پٹرولیم مصنوعات کی فروخت میں جاری مالی سال کے پہلے 7 ماہ میں سالانہ بنیاد پر 4 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ انڈسٹری کے اعداد و شمار کے مطابق مالی سال کے پہلے 7 ماہ میں ملک میں 9.41 ملین ٹن پٹرولیم مصنوعات کی فروخت ریکارڈ کی گئی جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 4 فیصد زیادہ ہے، گزشتہ مالی سال اسی مدت میں ملک میں 9.07 ملین ٹن پٹرولیم مصنوعات

(بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

آصف علی زرداری کی چین کی نیشنل پیپلز کانگریس کے چیئرمین سے ملاقات

سی پیک سیاسی جماعتوں کے مشترکہ مشاورتی میکانزم میں شرکت اور ادارہ جاتی روابط کو مضبوط بنانے کے مواقع پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا

ملاقات میں دونوں ممالک کے درمیان جاری عملی تعاون کو مزید مستحکم کرنے کے لیے اعلیٰ سطحی تبادلوں کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا

بیجنگ (آئی این پی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے چین کی نیشنل پیپلز کانگریس کی قائمہ کمیٹی کے چیئرمین چاؤ لے چی سے ملاقات کی، جس میں دونوں ممالک کے درمیان سدا بہار دوستی کو مزید اجاگر کیا گیا۔ اعلامیے کے مطابق دونوں ممالک کی دوستی دہائیوں کے دوران مزید گہری اور وسیع ہوئی ہے جبکہ پاک چین تعلقات کی بنیاد تزویراتی باہمی اعتماد پر قائم ہے۔ ملاقات

(بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد ہائیکورٹ ایس ایس 2024 کے نتائج سے پہلے نئے امتحانات کا انعقاد روکنے کی درخواست پر سماعت رواں ہفتے ہوگی

اسلام آباد (آن لائن) اسلام آباد ہائیکورٹ میں سی

(بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد انتظامیہ مفت گیس، پٹرول نہ ملنے پر دکانیں سیل کرنے لگی

پولیس، انتظامی اہلکار مطالبات پورے ہونے پر دکانداروں کو چھاپے سے قبل دکانیں بند کرکے غائب ہونے کا بتا دیتے ہیں

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد انتظامیہ اور پولیس مفت پٹرول اور گیس نہ ملنے پر دکانیں سیل کرنے لگی، مراعات دیئے جانے کی صورت میں

(بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

ابوظہبی میں تعینات پاکستانی سفیر فیصل نیاز ترمذی یوم یکجہتی کشمیر پروگرام سے خطاب کررہے ہیں

ملک میں خام تیل کی اوسط یومیہ پیداوار میں ہفتہ وار بنیادوں پر کمی، گیس کی پیداوار میں اضافہ

پیوستہ ہفتے میں ملک میں گیس کی اوسط یومیہ پیداوار 3118 ایم ایم سی ایف ڈی ریکارڈ کی گئی تھی

اسلام آباد (آئی این پی) ملک میں خام تیل کی اوسط یومیہ پیداوار میں ہفتہ وار بنیادوں پر کمی جبکہ گیس کی پیداوار میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ پی پی آئی ایس اور انڈسٹری کے اعداد و شمار کے مطابق 24 جنوری کو ختم ہونیوالے ہفتے میں ملک میں خام تیل کی اوسط یومیہ پیداوار 64555 بیرل ریکارڈ کی گئی جو پیوستہ ہفتے کے مقابلہ میں ایک فیصد کم ہے۔ پیوستہ ہفتے میں ملک میں خام تیل کی اوسط یومیہ پیداوار 65066 بیرل ریکارڈ کی گئی تھی۔ اسی طرح 24 جنوری کو ختم ہونیوالے ہفتے میں ملک میں گیس کی اوسط یومیہ پیداوار 3186 ایم ایم سی ایف ڈی ریکارڈ کی گئی جو پیوستہ ہفتے کے مقابلہ میں 2 فیصد زیادہ ہے۔

(بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

کشمیری ساتھ ان کے منصفانہ مقصد کیلئے کھڑے ہیں، روبینہ خالد

بھارت کے زیر قبضہ کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لے اور کشمیری عوام کے حق خودارادیت کو یقینی بنانے کے لیے موثر اقدامات کرے

یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے عالمی سطح پر کشمیر کاز کے لیے آواز بلند کی تھی

اسلام آباد (آئی این پی) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) کی چیئرپرسن سینیٹر روبینہ خالد نے کشمیری عوام کی حق خودارادیت کی جدوجہد کے لیے اپنی مکمل حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ ان کے منصفانہ مقصد کیلئے کھڑے ہیں اور ان کی ہر ممکن حمایت جاری رکھیں گے۔ یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے اس

(بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

پی سی بی کا ٹرائی سیریز کے بعد اسٹیڈ یمز آئی سی سی کو حوالگی کا فیصلہ

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کرکٹ بورڈ نے

(بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

ایس سی او نے آزاد کشمیر میں انٹرنیٹ کی سروسز کی فراہمی کے لیے جاندار کردار ادا کیا ہے، جنرل عاصم منیر

مجھے بتایا گیا ہے کہ آزاد کشمیر میں نوجوانوں کے لیے بہت سے سافٹ ویئر ٹیکنالوجی پارک اور فری لانسنگ اپ قائم کیے گئے ہیں

مظفر آباد (آئی این پی) چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ سپیشل کمیونیکیشن آرگنائزیشن (ایس سی او) نے آزاد کشمیر میں

(بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

مظفر آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے آزاد جموں کشمیر مسلم لیگ (ن) کا وفد ملاقات کررہے ہیں

وفاقی اداروں کا انضمام اور تحلیل

وفاقی کابینہ نے ادارہ جاتی اصلاحات کمیٹی کی سفارشات پر 82 محکمے تحلیل کر کے انہیں چھ وفاقی وزارتوں اور ڈویژنوں کے ماتحت کام کرنے والے 40 اداروں میں ضم کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ کابینہ نے نئی گاڑیوں، مشینری، نئی بھرتیوں اور سرکاری خرچ پر غیر ملکی دورے کرنے پر پابندی کے علاوہ کفایت شعاری کی پالیسی اپنانے کی باضابطہ منظوری بھی دے دی ہے۔ وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف کہا تھا کہ ادارہ جاتی اصلاحات ترجیحی بنیادوں پر کی جارہی ہیں اور مذکورہ محکموں کے انضمام یا ختم ہونے سے متاثر ہونے والے ملازمین کے حقوق اور مفادات کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق وزیراعظم نے بتایا کہ ملک کے حکومتی ڈھانچے کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور بین الاقوامی طرز پر ترقی دینے کے لئے شفاف بنیادوں پر ڈسٹیگلائزیشن، سمارٹ مینجمنٹ اور انلیشیٹیف گورننس کے ماڈل منصوبوں پر عملدرآمد تیز کرانے کے ساتھ ساتھ عام آدمی کو سہولیات فراہم کرنے پر بھی غور کیا جارہا ہے۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے متعلقہ کمیٹی کی سفارشات پیش کرتے ہوئے کہا کہ پہلے مرحلے میں چھ وزارتوں میں ان سفارشات کا اطلاق شروع ہو چکا ہے جس کے نتیجے میں مذکورہ اداروں کی کارکردگی میں بہتری آئے گی، انسانی سرمایہ کا بہترین استعمال ممکن ہوسکے گا، ساتھ ہی ساتھ پالیسی سازی اور فیصلوں کے نفاذ میں غیر ضروری تاخیر کا بھی خاتمہ ہوگا۔ وزیرخزانہ نے اجلاس کو بتایا کہ ان 82 اداروں کو ڈسٹیگلائزیشن، سمارٹ مینجمنٹ، موثر حکمرانی اور شفافیت کے ذریعے مضبوط اداروں میں تبدیل کیا جائے گا تاکہ عام آدمی کو بہتر سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ اصلاحاتی کمیٹی نے قریباً ڈیڑھ لاکھ خالی آسامیاں ختم کرنے کے علاوہ صفائی اور جینیٹور یل خدمات جیسے غیر بنیادی کاموں کو ٹھیکے پر دینے کی تجاویز بھی دی ہیں جو گیڈ ایک سے 16 کے مختلف عہدوں کے مرحلہ وار خاتمے کا باعث بنیں گی۔ وفاقی کابینہ کے اجلاس میں وزیراعظم کو اُس کفایت شعاری پالیسی کے بارے میں بھی بریفنگ دی گئی جو مسلم لیگ (ن) کے سابق دور میں متعارف کرائی گئی تھیں۔ کابینہ کو بتایا گیا کہ ان اقدامات کے نفاذ کے لئے وفاقی اور صوبائی قوانین میں تبدیلیوں کے ذریعے قانون سازی کا عمل فوری طور پر شروع ہوگا کیونکہ ان میں سے کئی ادارے قانون سازی کے ذریعے بنائے گئے تھے۔ کابینہ نے یہ سفارشات بھی پیش کیں کہ وفاقی یونیورسٹیاں اور ہسپتال پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ماڈل کے تحت کارپوریٹ بورڈز کے ذریعے چلائے جائیں تاکہ انہیں نہ صرف منافع بخش بنایا جاسکے بلکہ وہ نجی اداروں کا مقابلہ بھی کرسکیں۔ اس عمل کے دوران وفاقی یونیورسٹیوں اور ہسپتالوں میں عملے کی تقرری پر مکمل پابندی ہوگی۔ اس کے علاوہ بھی وفاقی حکومت میں گریڈ ایک سے 16 کے ملازمین کی بھرتی پر پابندی عائد کی جائے گی تاکہ انہیں خالی ہونے پر بتدریج ختم کیا جاسکے۔ اجلاس میں یہ بھی بتایا گیا کہ افغیر گریڈ کو مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل ٹولز کو اپنانا پڑے گا تاکہ ان کی معاون عملے پر انحصار کم ہو سکے۔ دنیا بھر میں عوام کی فلاح و بہبود کے لئے حکومتیں کفایت شعاری کو ترجیح دیتی ہیں اور ساتھ ہی ساتھ ٹیکنالوجی کی مدد سے اپنے آپ کو اَپ گریڈ بھی کرتی ہیں تاکہ کم وسائل میں بہتر کام کیا جاسکے۔ ترقی یافتہ ممالک نے جدید ٹیکنالوجی سے ہی کے ذریعے عوامی خدمت کی فراہمی کو بہتر اور شفافیت کو یقینی بنایا ہے، اسی سے ان ممالک میں موثر گورننس کا نظام قائم ہوا، وہاں ڈسٹیگلائزیشن کے ذریعے لائسنس، پرمٹ اور ٹیکٹیک کے اجرا سے دیگر معمول کے سینکڑوں انتظامی امور کو خودکار بنا دیا گیا ہے۔ امریکہ، یورپ اور دیگر ترقی یافتہ ممالک کے بعد گزشتہ چند سالوں میں دبئی بھی ڈسٹیگلائز ہو گیا ہے، وہاں درجنوں محکمے خودکار طریقے سے کام کرتے ہیں، زیادہ تر حکومتی سہولیات آن لائن ہیں جن میں انسانی دخل عمل انتہائی کم ہے۔ ایستونیا نے تو دنیا بھر کے لیے اسی۔ ریڈیکلی پروگرام شروع کر دیا ہے جس کے تحت کسی بھی ملک کا شہری وہاں جسمانی طور پر موجود ہونے کے بجائے ایستونیا میں نصرف ان لائن کاروبار قائم کرسکتا ہے بلکہ دنیا کے کسی بھی حصے میں بیٹھ کر اپنے ٹیکسز بھی ادا کر سکتا ہے۔ ایک اطلاع کے مطابق شاوکریم الصینی المعروف پرنس کریم آغا خان کی ڈیجیٹل شناخت نصرفراہم کر کے حکومتی خدمات تک رسائی کو بہتر اور تیز تر بنا دیا ہے۔ ڈسٹیگلائزیشن اور سمارٹ نظام متعارف کرانا حکومت کا اچھا اقدام ہے، اس سے حکومتی اخراجات اور اداروں کا بوجھ کم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ منصوبوں کی کڑی نگرانی کے علاوہ ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کا ایک بڑا فائدہ یہ بھی ہے اس کے ذریعے کیے گئے لین دین کا شفاف آڈٹ انتہائی آسان ہوتا ہے۔ سنگاپور نے بھی اسی حکومت کے ذریعے حکومتی نظام کو شفاف بنایا اور آج اس کا شمار دنیا کے کامیاب ترین اور ترقی یافتہ اقوام کی فہرست میں ہوتا ہے۔ چین کے شہر ہارسلونا نے سمارٹ سینسرز اور ڈیٹا اینلیٹکس کا استعمال کرتے ہوئے نہ صرف ٹریفک کا بہاؤ منظم کیا بلکہ توانائی کی کھپت کو بھی کم کیا۔ ڈیجیٹل نظام کے تحت شہریوں کو حکومتی خدمات کی 24 گھنٹے رسائی دی جا سکتی ہے، کاغذی پچت کی جاسکتی ہے، جنوبی کوریا نے ڈیجیٹل حکومت کے اقدام کے تحت کاغذ اور دیگر سرسز کی ضرورت کم کر کے اربوں ڈالر کی بچت کی۔ اس کے علاوہ ڈسٹیگلائزیشن کے ذریعے وہ ڈیٹا اکٹھا کیا جاسکتا ہے جن کے ذریعے ملک کے لئے درست پالیسی اور صحیح سمیت کا تعین کیا جاسکتا ہے۔ پاکستان نے حال ہی میں وزارت پلاننگ، ڈویلپمنٹ اینڈ سپیشل انیشی ایٹو کی کوششوں سے ملک کی پہلی ڈیجیٹل مردم شماری مکمل کی جس سے کئی حقائق سامنے آئے، اداروشماریات پاکستان کے پاس ایسا ڈیٹا اکٹھا ہو چکا ہے جس سے ملک کے لگ بھگ ہر سیکٹر کی پالیسی سازی میں خاصی مدد لی جاسکتی ہے۔ دنیا بھر کے ترقی یافتہ ممالک نے اپنے اپنے ادارہ شماریات کی اعانت سے بہترین فیصلے کیے۔ اس جدید دور میں ٹیکنالوجی کے بغیر آگے بڑھنا قریباً ناممکن ہے، موجودہ حکومت کی طرف سے اداروں کو ڈسٹیگلائز کرنے اور سمارٹ حکومت کے تحت ملک چلانے کی سوچ اور اقدامات اس لیے بھی ضروری ہیں کہ ملک اس وقت معاشی بحران سے گزر رہا ہے، ملک کو معاشی طور پر مستحکم کرنے کے لئے خرچوں میں کمی اور آمدن بڑھانا لازم ہے۔ کفایت شعاری ترقی کی کنجی ہے اور اس کا آغاز اپنے گھر سے ہونا چاہیے، یعنی حکومتی اہلکاروں کو اپنے اخراجات کم کرنے چاہئے پھر کسی اور طرف دیکھنا چاہئے۔ حکومت جن محکموں کو ختم کرنے جارہی ہے، اس کے لئے مناسب حکمت عملی اختیار کرے، اس عمل کے دوران متاثر ہونے والے ملازمین کے حقوق کا خیال رکھے اور انہیں کسی دوسری جگہ ملازمت دی جائے۔ ان اداروں کو ختم کرنے کے بعد نئے سرے سے دوسرے محکمے بنانے کا آغاز نہ ہو جائے۔ ارباب اختیار کو اجتہادی سوچ سمجھ کر طویل المدتی پالیسیاں ترتیب دینے کی ضرورت ہے تاکہ آنے والی نسلیں اس سے بھرپور فائدہ اُٹھا سکیں۔

بابر اعظم سے ادارکا وعدا زہرہ کا کھلے عام "محبت" کا اظہار

لاہور (آئی این پی) ٹوئی ٹیم کے سابق کپتان بابر اعظم سے پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ وماڈل دانیا زہرہ نے کھلے عام محبت کا اظہار کردیا۔ ایک ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے ماڈل وااداکارہ دانیا زہرہ نے اقرار کیا کہ "وہ ٹوی ٹیم کے بڑل آرڈر بیٹر اور سابق کپتان بابر اعظم سے پیار کرتی ہیں"۔ اداکارہ نے کہا کہ "انہیں پاکستانی ٹیم میں بابر اعظم پر زبردست کرش ہے اور میں اس پر کی جانے والی ٹرولنگ کو ناپسند کرتی ہوں"۔ "تو

بقیہ 1

بلوچ ذہانت اور زرخیز شعبے میں تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق کیا۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ پاک چین اقتصادی راہداری عوام کی خوشحالی پر مرکوز تھی کی ایک روشن مثال ہے۔ ملاقات میں دوطرفہ تعاون کو مزید مستحکم کرنے کے لیے پارلیمانی تبادلوں، سی پیک سیاسی جماعتوں کے مشاورتی میکانزم میں شرکت اور ادارہ جاتی روابط کو مضبوط بنانے کے مواقع پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 2

عالمی کسٹم کنسرکیاز کے لیے آزاد بلوچ کی خبر اور پاکستان میں ملاقات پر کام کیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ مسئلہ کشمیر اور علاقائی امن کا براہ راست تعلق اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل درآمد سے ہے۔ انہوں نے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ اس دیرینہ تنازعے کے حل میں اپنا کردار ادا کرے۔ سیکرٹریٹ خالد نے کہا کہ حکومت پاکستان، پی ٹی ایس اور پاکستانی عوام کشمیر کے مظلوم عوام کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کھڑے ہیں، ہم ان کے مضفانہ مقصد کے لیے اپنی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھیں گے۔ انہوں نے عالمی برادری پر بھی زور دیا کہ وہ بھارت کے زیر قبضہ کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لے اور کشمیری عوام کے حق خود ارادیت کو یقینی بنانے کے لیے موثر اقدامات کرے۔

بقیہ 3

اس کے جائز اور حق پر مبنی مقصد کی حمایت کرے گا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق جنرل سالار نے مقبوضہ کشمیر کی صورتحال پر مظہر آباد کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے شہدا کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ جنرل سالار نے بھی کشمیر یادگار پر پرچم گزشتہ کے یادگار پر پھول چڑھائے اور شہدا کے بے مثال قربانیوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ کشمیری شہدا کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے آرمی چیف نے کشمیر میں جاری تحریک آزادی کی حالات کے بارے میں دو ٹوٹ گفتگو کی اور سپاہیوں کی غیر حیرتزل لفٹن، چیئرمین کمیٹی اور جنگی تیاری کی بھی تعریف کی۔ انہوں نے اس کے بلند حوصلہ اور پوسی کی تعریف کی اور آپریشنل تیاری کو بلند رکھنے کی اہمیت پر زور دیا تاکہ کسی بھی دشمن کا مقابلہ کیا جا سکے۔ آرمی چیف نے مسلح افواج کی جنگی تیاری پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا اور یہ یقین دہانی کرائی کہ کسی بھی جارحیت کا بھرپور انداز میں جواب دیا جائے گا۔ انہوں نے پاکستان کی افواج کے عزم کو دہراتے ہوئے کہا کہ ہم قوم کی خوشحالی اور علاقائی سلامتی کے دفاع میں اپنی پوری قوت کے ساتھ مصروف ہیں۔ بعدازاں، آرمی چیف نے کشمیر اعلیٰ شخصیات اور بزرگوں سے ملاقات کی اور مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کے لیے پاکستان کی مستقل حمایت کا اعادہ کیا۔ آرمی چیف نے کہا کہ ہم کشمیر کے مظالم اور بڑھتی جنگی ہنوز تیاری اور انتہا پسندی کشمیری عوام کے عزم کو مضبوط کرنے میں مصروف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنے پاکستان ہمیشہ اس کے ساتھ کھڑا رہے گا اور ریاستی جبر و استبداد کے خلاف ان کے جائز اور حق کی جدوجہد کی حمایت کرتا رہے گا۔ آرمی چیف نے کہا، کوئی شک نہیں کہ کشمیر ایک دن آزاد ہوگا اور کشمیر کے عوام کی آزادی حق اور تقدیر کے مطابق پاکستان کا حصہ بنے گا۔

بقیہ 4

شریف نے کہا کہ آج 5 فروری کو دن آزاد کشمیری قانون ساز اسمبلی میں موجود کیا جو میرے لیے اعزاز ہے، آج کے دن کشمیری بہنوں اور بھائیوں کو پاکستان اور عوام کی طرف سے اظہار یکجہتی کے لیے اپنے ساتھیوں کے ساتھ حاضر ہوا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ جدوجہد آزادی کشمیر کے لیے جدوجہد کرنے والوں کو سلام پیش کرتے ہیں، 5 فروری محض ایک دن نہیں بلکہ یہ ہمارے پختہ عزم کی تجدید اور یقین دہانی کا اظہار ہے کہ کشمیر آزاد ہے اور رہے گا۔ انہوں نے اس موقع پر شہرکی ہر صاحب رائے جنہوں نے ایمان سے یہ آزادی کے متوالوں کا کشمیر کا ذرہ ذرہ کشمیر کے ہیروں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ وزیراعظم پاکستان کا کہنا تھا کہ 5 فروری کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کیلئے ہمارے پختہ عزم کی تجدید کا دن ہے، 5 فروری کا دن بھارت کو چیخ چیخ کر یاد دلاتا ہے کہ کشمیر 5 اگست جیسے اقدامات سے کبھی قابض نہیں رہ سکتا۔ شہباز شریف کا کہنا تھا بھارت تنازع کشمیر پر اصلی اور تنیجہ خیز کارکردگی کرے، بھارت اور پاکستان کے بہترین مفاد میں ہے کہ 5 اگست 2019 کے بعد باہر نکلے کیونکہ مسئلہ کشمیر کا حل جنگ اور بربریت سے حل نہیں ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت مقبوضہ کشمیر میں لاکھوں کی فوج میں اضافہ کرکے بھارت نے کشمیر کی آزادی کی تڑپ کبھی نہیں ہوگی کے ساتھ جدوجہد کرتے رہیں گے، بھارت کو اپنے آئین کے ساتھ آزادی کی تڑپ کبھی نہیں ہوگی کے ساتھ جدوجہد کرتے رہیں گے۔

بقیہ 5

اور نگزیب کا بڑی بات نہیں پرلس کریم آغا جان چیام کی رحلت پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ یہ کہ وہ بلند پایہ شخصیت تھے، ان کا پاکستانیوں کے دلوں میں خاص مقام تھا، پرلس کریم آغا خان اور ان کی برادری نے پاکستان کی بلند برادری میں تاریخی کردار ادا کیا، وزیر تجارت نے کہا کہ پرلس کریم آغا خان ایک روحانی رہنما اور لیڈر تھے، ان کا امت مسلمہ اور انسانیت کی فلاح و بہبود کے لیے قیمتی وژن اور عزم ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ یکم فروری کو انہوں نے کہا کہ پرلس کریم آغا خان کی خدمت، قوادت اور انسانیت دوستی ملک اور بنوہ کے لیے حیرتزل والنگی کی شاندار میراث آنے والی نسلوں کو متاثر کرتی رہے گی۔

بقیہ 6

یونیورسٹی کے ریکٹر اور ایجوکیشن کمیشن کے چیئرمین پروفیسر ڈاکٹر مختار احمد اور صدر جامعہ پروفیسر ڈاکٹر اضطراع سید نے شرکت کی۔ اپنے خطاب میں پروفیسر ڈاکٹر مختار احمد نے پیشہ وارانہ تربیت کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ تعلیمی ادارے ایک مکمل تھا تکمیل رہنا چاہیے تاکہ تکنیکی اور طلبہ کی ہنر کی استعداد میں اضافہ ہو۔

بقیہ 7

دیا جاتا ہے کہ لوگوں اپنی قسمت کا تعین کرنے کا اختیار رکھتے ہیں۔ افسوس کشمیری عوام گزشتہ 78 سال گزرنے کے باوجود اس تاقابل تسخیح کا استعمال نہیں کر سکے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ان میں مزید کہا کہ مشرق وسطی کے حالیہ واقعات سے واضح کے بطلوں مدنی تنازعات کو دبایا جا رہا ہے۔ انہوں نے

بقیہ 8

عالمی کیمونی سے انٹیا پر دباؤ ڈالنے کا مطالبہ کیا تاکہ کشمیری عوام اپنے مستقبل کا خود تعین کر سکیں۔ وزیراعظم نے واضح کیا کہ مسئلہ کشمیر پاکستان کی خاتمہ پالیسی کا اہم تھا ہے اور ایک مضبوط کشمیر کشمیری عوام کے لیے خیرحتزل اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 9

مزید بہتر کیے جانے پر اتفاق کیا گیا۔ اس کے علاوہ بیرا اعلیٰ فورسز کے لیے بارڈرز کو محفوظ بنانے کے تھان سیت پولیس اور بیرا ملٹری فورسز کی جدید ٹیکنالوجی سے متعلق بھی گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر کمیں نقوی نے کہا کہ تھان میں پولیس کے لیے جدید ٹیکنالوجی کا اداکے میں ہے۔ ملاقات میں چیئرمین پولیس ایکڈمی کے ساتھ تعاون برابات چیت ہوئی ہے اور بیرئیک پولیس اور اسلام آباد پولیس میں تعاون بڑھانے کا فیصلہ بھی کیا گیا ہے۔ ملاقات میں دہرت دی داخلہ نے جنوری میں جوائنٹ ورکنگ گروپ کی میٹنگ پر اطمینان کا اظہار بھی کیا۔ کمیں نقوی نے چینی ہم منصب کو آگاہ کیا کہ کچین سے پولیس کے لیے جدید ٹیکنالوجی اور آلات خریدنے کے خواہاں ہیں۔ ملاقات میں چیئرمین پولیس ایکڈمی کے ساتھ تعاون پر برابات چیت ہوئی، وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے چینی ہم منصب کو دورہ پاکستان کی دعوت بھی دی۔

بقیہ 10

سمندر کے راستے پر پہنچ گیا تھا۔ بیان کے مطابق ملزم نے یورپ سے انٹرپول والوں سے آئے لے اینگلوں سے دھوکہ دہی کا پاسپورٹ حاصل کیا، جعلی پاسپورٹ کی بنیاد پر ملزم کو ائرپورٹ سے گرفتار کرکے ایش پیوٹن ٹریفکنگ برگل اسلام آباد منتقل کیا گیا تھا۔ ترجمان ایف ائی اے نے کہا کہ ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرکے تحقیق کا آغز کر دیا گیا، ملک کے تمام ائرپورٹ پر جعلی مسافروں کی سخت اسکرینگ کا عمل جاری ہے، ایف ائی اے ملزمان اور عزم سفر کا پتہ لگا رہی ہے جو اپنے جعلی پاسپورٹ بنانے میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کریک ڈاون جاری ہے، تمام ائرپورٹس پر سخفلک سنوری متاسیاریت کی تفصیلی جانچ پڑتال کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جعلی دستاویزات اور دھوکہ دہی سے بیرون ملک جانے والے ملزمان اور ان کے سہولت کاروں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، دستاویزات غیر مصدقہ ہونے کا خدشہ ہو تو تصدیق کریں، دستاویز کے لیے متعلقہ ملک کی ایمبیسی یا متعلقہ ورکہ دوا ایکسٹینشن سینٹر سے رابطہ کریں۔

بقیہ 11

خان ایک بلند پایہ شخصیت تھے، پرلس کریم آغا خان کا پاکستانیوں کے دلوں میں خاص مقام تھا، پرلس کریم آغا خان اور ان کی برادری نے پاکستان کی بنیاد ڈالنے میں تاریخی کردار ادا کیا، ان کے دادا نے ہمارے پختہ عزم کی تجدید اور یقین دہانی کا اظہار انہوں نے کہا کہ مسلم امہ کے لیے ان کی خدمات ناقابل فراموش ہیں، پرلس کریم آغا خان کا سانحہ ارتحال ہمارے لیے ایک بڑا صدمہ ہے، پرلس کریم آغا خان کی تعلیم اور صحت کے شعبوں میں کراں قدر خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے۔ انہوں نے پیغام دیا کہ پاکستانی قوم پرلس کریم آغا خان کی وفات پر غمزدہ ہے، اور پاکستان کی حکومت، وفاق اور پارلیمان خاندان اور اسماعیلی کیونٹی کے ساتھ اس دکھ کی گھڑی میں برابر کے شریک ہے۔ قائم مقام صدر نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ سوگواران کو یہ صدمہ برداشت اور صبر سے برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

بقیہ 12

اجلاس میں قومی ورثہ وثقافت اور وزارت قومی صحت کی آڈٹ رپورٹس کا جائزہ لیا جائے گا، 18 فروری کو انسداد فشیات اور چڑیوم ڈویژن کی آڈٹ رپورٹس زیر غور آئیں گی، اسی طرح 09 فروری کو ایف پی ایس اے اور وزارت صنعت و پیداوار کی آڈٹ رپورٹس کا جائزہ لیا جائے گا جب کہ 25 فروری کو سرمایہ کاری بورڈ اور وار ڈویژن کی آڈٹ رپورٹس زیر غور آئیں گی۔ 26 فروری کو وزارت داخلہ اور بین و صوبائی رابطہ کی آڈٹ رپورٹس کا جائزہ لے گی، 4 مارچ کو وزارت خارجہ اور اقتصادی امور ڈویژن کی آڈٹ رپورٹس زیر غور آئیں گی۔

بقیہ 13

اس کے لیے بے مثال خدمات انجام دے رہے۔ ان کے انتقال سے دنیا ایک ہمدرد، درمند اور خدمت کے جذبے سے سرشار رہنما سے محروم ہوگئی۔ سید یوسف رضا گیلانی نے مزید کہا کہ پرلس کریم آغا خان کی تعلیم اور صحت کے شعبوں میں کراں قدر خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے۔ انہوں نے ہمارے دور اور متوسط طبقے کے لیے بے شمار فلاحی کام کیے اور ان کے اقدامات سے لاکھوں افراد مستفید ہوئے۔ آغا خان فاؤنڈیشن نیٹ ورک نے پاکستان کے دور دراز علاقوں میں صحت اور تعلیم کی معیاری سہولیات فراہم کر کے ایک روشن مثال قائم کی۔ قائم مقام صدر نے کہا کہ پرلس کریم آغا خان نے ہمیشہ امن، رواداری اور بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ پر زور دیا۔ ان کی انسانیت کی خدمت کے لیے کی گئی کاوشیں اقلی قسمیں ہیں اور ان سے نوجوان قدم پر عمل کرنا ہم سب کے مفاد میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم پرلس کریم آغا خان کی وفات پر غمزدہ ہے، اور پاکستان کی حکومت، وفاق اور پارلیمان خاندان اور اسماعیلی کیونٹی کے ساتھ اس دکھ کی گھڑی میں برابر کے شریک ہے۔ قائم مقام صدر نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ سوگواران کو یہ صدمہ حوصلے اور صبر سے برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

بقیہ 14

کے خلاف سامعت ہوگی جن ام ایم این ایز کو شوکاز نوٹس جاری ہوئے تھے ان کی سماعت کے لیے کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ کمیٹی تین ممبران پر مشتمل ہے۔ سابق ایکٹو کمرٹی اسمبلی صدیقہ بلوچ، عون عباس بپی اور سردار اظہر طارق کھیتی کے ممبران ہوں گے۔

بقیہ 15

چیام کے انتقال پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ دنیا بھر میں فلاح و بہبود اور انسانی خدمت کے لیے ان کی غیر حیرتزل والنگی نے ایک نشان چھوڑا ہے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان کے سابق چیف کریم آغا خان کا خصوصی کردار ہے، ان کے ساتھ دنیا کی ترقی وخوشحالی پر کمیں کریم آغا خان کے بے مثال خدمات کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 16

اُحران کی کسی اور سے بات ہو رہی ہے تو وہ جانے اور ان کا ہوا جانے۔ راناثنا نے کہا کہ بعض اوقات گندا پراپیگنڈہ کرنے کے لیے بات ہوتی ہے، میری اطلاع کے مطابق محسن نقوی کے آگے ان کی بات کسی سے نہیں ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ عمران نے گنڈا پور نام کے 99 فیصد لوگ ہیں، 10، 20 لوگوں نے ان سے کرپٹ کی ہے تاکہ حقیقی سائیڈ سے ایکسٹرا اور میرے علاوہ کسی کی بات ہی نہیں ہوئی۔ وزیر منصوبہ کے مشیر نے کہا کہ میں اپنی ذات پر کام ہوں اور اس کی تصدیق ذرائع سے بھی ہو رہی ہے، اس کا فوج کے سینئر افسران سے بات کا ذکر بھی غلط بیانی ہے، پاک فوج کے ترجمان نے بھی تردید کی ہے کہ ان کے کوئی مذاکرات نہیں ہوئے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ فوج کے ترجمان نے کہا کہ مذاکرات ہوئے ہی تو سیاسی جماعتوں میں ہوتے ہیں۔

بقیہ 17

فیڈریشن کے الیکشن کا انعقاد ممکن نہیں۔ فیفا نے پاکستان فٹبال فیڈریشن سلامڈ ریزیشن کمیٹی کے ذریعے اجلاس میں وزارت اطلاعات ونشریات کے ذیلی ادارے نیشنل بیرچ کے سال 2023/ 24 کے آڈٹ اعتراضات کا جائزہ لیا جائے گا نوٹیفکیشن کے مطابق پلک اکاؤنٹس کمیٹی کے اجلاس 3 مارچ تک جاری رہے گی جن میں وزارت قومی صحت، ہیومن ڈویژن، وزارت انسداد منشیات، فیڈرل پبلک سروس کمیشن، وزارت صنعت و پیداوار، سرمایہ کاری بورڈ، نواجائی ڈویژن، وزارت داخلہ، وزارت بین الصوبائی رابطہ، ایف بی آر، ایوی ایم اے اور وزارت خزانہ کے ذیلی حسابات اور آڈٹ اعتراضات کا جائزہ لیا جائے گا واضح رہے کہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس موجودہ پارلیمان کے قائم ہونے کے تقریباً 10 ماہ بعد ہوگا۔ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے مطابق پلک اکاؤنٹس کمیٹی کے اجلاس 3 مارچ تک جاری رہے گی جن میں وزارت قومی صحت، ہیومن ڈویژن، وزارت انسداد منشیات، فیڈرل پبلک سروس کمیشن، وزارت صنعت و پیداوار، سرمایہ کاری بورڈ، نواجائی ڈویژن، وزارت داخلہ، وزارت بین الصوبائی رابطہ، ایف بی آر، ایوی ایم اے اور وزارت خزانہ کے ذیلی حسابات اور آڈٹ اعتراضات کا جائزہ لیا جائے گا واضح رہے کہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس موجودہ پارلیمان کے قائم ہونے کے تقریباً 10 ماہ بعد ہوگا۔ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے مطابق پب

فیریوتھرا اسپیشلسٹ اور نرسری مانک میں اضافہ ہوگا، پاکستانی سفیر

آئندہ دنوں میں غیر ہنرمند پاکستانیوں کو امارات میں نوکریوں کے مواقع ختم ہوجائیں گے، ہمیں پاکستان میں پلمبر، ٹرینگ اسکوڈ کی تکنیکی کے لیے باعث چیت قطر رہی ہے، جہاں سے لوپی انیڑز کے لیے فعال رسائی تربیت کی سہولت ہوگی، پاکستانی سفیر فیصل نیاز ترمذی

دبئی (آئی این پی) متحدہ عرب امارات میں تعینات پاکستان کے سفیر فیصل نیاز ترمذی نے کہا ہے کہ آنے والے دنوں میں غیر ہنرمند پاکستانیوں کو امارات میں نوکریوں کے مواقع ختم ہوجائیں گے، ہمیں پاکستان میں پلمبر، ٹرینگ اسکوڈ کی تکنیکی کے لیے باعث چیت قطر رہی ہے، جہاں سے لوپی انیڑز کے لیے فعال رسائی تربیت کی سہولت ہوگی، پاکستانی سفیر فیصل نیاز ترمذی نے کہا کہ اب ہمیں اپنے انجینئر، آئی ٹی پروفیشنلز، انڈیوز میں پاکستانی سفیر فیصل نیاز ترمذی نے کہا کہ اب ہمیں اپنے انجینئر، آئی ٹی پروفیشنلز، پاکستانیوں کو امارات میں نوکریوں کے مواقع ختم ہوجائیں گے کیونکہ پاکسی اعلیٰ ہنرمند پروفیشنلز کی ڈیمانڈ میں تبدیل ہوگی ہے۔ گلف نیوز کے

(بقیہ 43 روزنامہ صفحہ 9)

لاہور جعلی عاملہ نے خاتون کے گھر کا صفایا کر دیا

پولیس نے واقعے کا مقدمہ درج کرکے ملزمان کی گرفتاری کے لیے کارروائی شروع کردی

لاہور (آئی این پی) لاہور میں اولاد کی خواہش اور خاندان کی جان بچانے کیلئے ایک خاتون نے جادوگر کو گھر بلایا تو ہاتھ گھر خاتون اور اس کے ساتھیوں نے جادوگر کے ہمراہ گھر کا صفایا کر دیا۔ تفصیل کے مطابق یہ واقعہ لاہور کے علاقے ڈیفنس میں پیش آیا جہاں ایک خاتون نے اولاد نہ ہونے پر شیاماں جادوگرنی سے رابطہ کیا، جو علاقے میں جادو ٹونا کرنے کا جادو کا علاج کرتی تھی، ملزمان نے رابعہ کو اس کے

(بقیہ 4 روزنامہ صفحہ 2)

بیٹیز پارٹی کے پارلیمانی سیکرٹری صمد گورچھ و دیگر کی جانب سے یوم یکجہتی کشمیر کی ریلی جاری ہے

مریدکے، سی ٹی اے سب انسپکٹر پر فائرنگ کا واقعہ، پولیس ٹیم ہی ملوث نکلی

پولیس نے مشتبہ تیجہ گاڑی کو روکا تو مراتب علی نے ڈاکوں کی کارروائی تیجہ گاڑی بھی ڈرائیو کی

لاہور (آئی این پی) مریدکے میں فائرنگ اور ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہونے والے سی ٹی اے سب انسپکٹر مراتب علی پر فائرنگ اوٹسی ایڈمن پولیس پلمبی باغ نے کی۔ پولیس ذرائع کے مطابق کانسٹیبل جمشید اور اسلان، جو بادامی باغ لاہور میں تعینات تھے، کسی ملزم کی تلاش میں مریدکے گئے تھے۔ اس دوران سی ٹی اے سب انسپکٹر مراتب علی اپنے دوست ڈاکٹاند کے ہمراہ سفر کر رہے تھے۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق اوٹسی ایڈمن ٹیم نے مشتبہ تیجہ گاڑی کو روکنے کی کوشش کی، تاہم مراتب علی نے اسے ڈاکوں کی کارروائی سمجھ کر گاڑی بھگا دی۔ اس پر کانسٹیبل جمشید اور اسلان نے گاڑی پر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں حادثہ پیش آیا۔ پولیس حکام کے مطابق فائرنگ کے بعد جب دونوں کانسٹیبلز کو

(بقیہ 46 روزنامہ صفحہ 2)

کشمیری کی نسلوں سے آزادی کی تحریک لے اٹھے نوجوان سے آبیاری کر رہے ہیں، پی ایم ایم ای اے

شہداء کے کشمیری قربانیاں ضرور رنگ لائیں گی، شیخ الرحمان، عبدالطیف ملک، ریاض احمد، اعجاز الرحمان

لاہور (آئی این پی) پاکستان کارپٹ مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن نے کشمیریوں کی آزادی کے لئے لازوال جدوجہد کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہداء کشمیر کی قربانیاں ایک دن ضرور رنگ لائیں گی۔ چیئرمین میاں شیخ الرحمان، چیئرمین انجینئر عبدالطیف ملک، وائس چیئرمین ریاض احمد، کارپٹ فرینڈ ٹسلی نیوٹ کے چیئرپرسن اعجاز الرحمان، سینئر

(بقیہ 5 روزنامہ صفحہ 3)

شرجیل میمن کی چینی الیکٹرک بس کمپنی کو سندھ میں سرمایہ کاری کی دعوت

کراچی میں پلانٹ لگانے سے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے، سینئر صوبائی وزیر کی۔ بیجنگ میں چینی ای وی بس مینوفیکچرر سے ملاقات

بیجنگ (آئی این پی) سینئر صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن نے چینی الیکٹرک بس ساز کمپنی کو سندھ میں سرمایہ کاری کی دعوت دی ہے۔ بیجنگ میں چینی ای وی بس مینوفیکچرر سے ملاقات میں سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے چینی کو باضابطہ طور پر کراچی میں ای وی بس مینوفیکچرنگ پلانٹ قائم کرنے کی دعوت دی۔ صوبائی وزیر برائے توانائی اور منصوبہ بندی و ترقی سید عبدالصمد حسین شاہ بھی

(بقیہ 37 روزنامہ صفحہ 2)

رمضان سے قبل ہی چینی کی قیمت ڈبل سنچری کے قریب پہنچ گئی

فیصل آباد (آئی این پی) رمضان سے قبل ہی چینی کی قیمت ڈبل سنچری کے قریب پہنچ گئی اوپن مارکیٹ میں چینی کی قیمت بے قابو ہوگئی، دکانداروں نے من مانی قیمت پر چینی کی فروخت شروع کردی۔ تفصیلات کے مطابق رمضان المبارک سے قبل ہی فیصل آباد

(بقیہ 39 روزنامہ صفحہ 2)

اسلام آباد میں یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ثقافتی ایکٹر میں بہت سیال اٹھ کر ان کی قیادت میں طرخ جدید کے ذیل کرنے جاری ہے

لاہور اور ملتان میں مرغی کی قیمت میں بڑی کمی ریکارڈ، لاہور میں انڈے مہنگے

ملتان میں انڈوں کی قیمت میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے اور انڈوں کی فی درجن قیمت 195 روپے کی سطح پر قرار ہے

لاہور (آئی این پی) لاہور اور ملتان میں مرغی کی قیمت میں بڑی کمی ہوگئی، صوبائی دارالحکومت کی لاہور میں انڈے مہنگے ہوگئے۔ لاہور میں مرغی کا ٹائٹ 18 روپے مہنگا ہوا ہے، جس کے بعد برائلر گوشت کی قیمت 577 روپے فی کلو ہوگئی ہے، گزشتہ روز قیمت 595 روپے کلو تھی۔ سرکاری نرخنامے میں زندہ برائلر مرغے کی نرخ 13 روپے کی کمی ہوئی ہے جس کے بعد برائلر مرغی کے تھوک نرخ 384 روپے کلو تک پہنچ گئے ہیں۔ لاہور میں انڈوں کی فی درجن قیمت میں مزید

(بقیہ 39 روزنامہ صفحہ 2)

پکھوال چوری کی وارداتوں میں ملوث گروہ 4 ملزم زمانہ بیگ کے ساتھ ریکارڈ یافتہ 2 کو گرفتار

پکھوال (آئی این پی) تھانہ صدر پکھوال پر چوری کی وارداتوں میں چوری کی وارداتوں میں ملوث گروہ گرفتار کرلیا گیا۔ ہم زمان بیگ کے ساتھ ریکارڈ یافتہ دو کو گرفتار، مزید کی تلاش جاری۔ ضلع پکھوال میں متعدد وارداتوں کا انکشاف۔ گرفتار ملزمان میں بلاجرگی شاہد، محمد فرحان، ناصر علی و محمد نواز سکنہ سالوانی سرگودھا شامل۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے تین پرسٹل معہ گولیاں، پانچ بکریاں، پانچ دھاتی لاکھ درجہ پر آمد، چار جنریٹر بیٹریاں، پانچ ڈیزل

(بقیہ 40 روزنامہ صفحہ 2)

مقبول شاعر صوفی تبسم کی 47ویں برسی 7 فروری کو منائی جائے گی

ریلیو اسٹیشن پر ان کو دل کا دورہ پڑا اور وہ کسی ہم سفر کے کندھوں پر سر رکھ کر اس خاق حقیقی سے جا ملے

لاہور (آئی این پی) مقبول شاعر صوفی تبسم کی 47 ویں برسی 7 فروری کو منائی جائے گی، ایک کتابچہ نوٹ... بی بی ایم کے بچوں کے مقبول شاعر صوفی تبسم مکمل تعلیم میں رہتے ہوئے بھی اپنے باپ بچوں کے لیے کوئی رعایت نہیں مانگتے۔ اس کے بچوں نے اعلیٰ تعلیم حاصل کی اور تعلیم کے محکمے سے بھی وابستہ رہنے کے لیے تعلیمی کتب کے ساتھ ساتھ انہوں نے 1965ء کی جنگ کے وقت جنگی ترانے بھی لکھے۔ وہ اس وقت ریڈیو پاکستان کے ڈائریکٹر تھے۔ ادب میں تبسم 7 فروری 1978 کو اسلام آباد سے لاہور آرہے تھے کہ ریلیے اسٹیشن پر ان کو دل کا دورہ پڑا اور وہ کسی ہم سفر کے کندھوں پر سر رکھ کر اس خاق حقیقی سے جا ملے۔ مقبول شاعر صوفی تبسم کی 47 ویں برسی 7 فروری کو منائی جائے گی ایک کتابچہ لاکٹ نوٹ... بی بی ایم کے بچوں کے

(بقیہ 58 روزنامہ صفحہ 2)

بابی وڈ والے ہر کام کو عبادت سمجھ کر کرتے ہیں، ایاب کھوسو

کراچی (آئی این پی) اسٹوڈیو اداکار ایاب کھوسو نے کہا ہے کہ پاکستان کے مقابلے بابی وڈ میں پروفیشنل ازم زیادہ ہے، وہاں کے لوگ کام و عبادت سمجھ کر کرتے ہیں۔ ایک فی وی پروگرام کے دوران بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آج کل ہر چیز کا پی اور پیسٹ والا کام نظر آتا ہے، کہانیاں اور کردار ختم ہو چکے ہیں، ڈرامے کو ایک کمرے میں بند کر دیا گیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ماضی میں اگر کوئی بھی اداکار کردار ادا کرتا تھا تو وہ اداکار اس طرح کا کردار کی تخلیق نہیں ہوتا تھا، اگر کسی نام سے کوئی ڈرامہ بن جاتا تھا تو پھر بھی اس نام کا دوسرا ڈرامہ نہیں بنا تھا لیکن اب ایسا نہیں ہوتا، اب ایک ہی اداکار ایک جیسے کردار کرتا چلا جاتا ہے۔ اور سوال کے جواب میں انہوں نے بابی وڈ کے پروفیشنل ازم کی تعریف کی اور وہاں اپنے کام کے

(بقیہ 34 روزنامہ صفحہ 2)

5 فروری یوم کشمیر کے موقع پر ورلڈ پاسبان ختم نبوت کا یکجہتی کشمیر مظاہرہ

بھارت کے خنوس پاؤں سرزمین متبوضہ کشمیر اکھڑ چکے ہیں، بچہ سلمان منیر مولانا عتیف حقانی

ورلڈ پاسبان ختم نبوت کے امیر مولانا منیر سلمان منیر ناظم اعلیٰ مولانا محمد حنیف حقانی و دیگر رہنماؤں میاں خالد محمود لاہوری، حکیم محمد عاجز شاکر، سید اسامہ شاہ، اللہ شاہ بخاری، محمد یاسین چودھری، محمد شکیل بھٹی، علامہ وقار الحسنین نقوی، سید عارشاہ زنجانی، سید عطاء

(بقیہ 5 روزنامہ صفحہ 3)

بھارت کا زیادہ دیر مقبوضہ جموں کشمیر کی عوام کو غلام نہیں بنا سکتا، رانا تنویر حسین

کالے قانون اور لاکھوں کی بھارتی فوج زیادہ دیر قابض نہیں رہ سکتی کیونکہ متبوضہ جموں و کشمیر کی عوام کے دل پاکستان کیساتھ دھڑکتے ہیں، وفاقی وزیر دنیا کا سب سے بڑا دہشت گرد بھارت زیادہ دیر متبوضہ جموں کشمیر کی عوام کو ظلم نہیں بنا سکتا، پاکستان ہر طور پر اپنے کشمیری بہن بھائیوں کی مکمل حمایت جاری رکھے گا، مرید کے (آئی این پی) وفاقی وزیر صنعت رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ ہم مقبوضہ کشمیر کے بہن بھائیوں کیساتھ کھڑے ہیں، بھارت کا زیادہ دیر مقبوضہ کشمیر کی عوام کو غلام نہیں بنا سکتا، پاکستان ہر طور پر اپنے کشمیری بہن بھائیوں کی مکمل حمایت جاری رکھے گا، بھارت کے مقبوضہ جموں و کشمیر میں مسلسل انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں کر رہا ہے عالمی

(بقیہ 56 روزنامہ صفحہ 3)

کرتے ہیں۔ ممتاز سماجی شخصیت حاجی محمد نجیب کھوکھر آف حدی مرید کے کی قیادت میں ملنے والے وفد سے گفتگو کرتے رانا تنویر حسین نے کہا کہ کیسا تھک یکجہتی اور حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ہم مقبوضہ کشمیر کے بہن بھائیوں کیساتھ کھڑے ہیں، بچہ سلمان منیر مولانا عتیف حقانی

صدر مملکت کا گورنر ہاؤل آف چائنہ پہنچنے پر استقبال، اقتصادی شعبوں میں تعاون کے فروغ کی یادداشتوں پر دستخط

آصف علی زرداری کو گارڈ آف آنر پیش کیا گیا، صدر مملکت کی چینی ہم منصب سے ملاقات ہوئی

اسلام آباد (آئی این پی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے بیجنگ میں اپنے چینی ہم منصب شی جن پنگ سے ملاقات کی۔ بیجنگ کے گریٹ ہال آف چائنہ پہنچنے پر چینی صدر نے استقبال کیا، صدر مملکت آصف علی زرداری کے اعزاز میں سٹیٹ چوبند دستے نے گارڈ آف آنر دیا گیا، اس موقع پر پاکستان اور چین کے قومی ترانے بھی بجائے گئے، جس میں صدر مملکت آصف علی زرداری اور چینی ہم منصب شی جن پنگ بھی موجود رہے۔ پاکستان اور چین کے درمیان سائنس اور ٹیکنالوجی کے شعبے میں تعاون اور تجارت، اقتصادی شعبوں میں تعاون کے فروغ کی یادداشتوں پر دستخط کئے گئے۔ معاہدوں کے مطابق پاکستان اور چین صحت، میڈیا، توانائی، سماجی، اقتصادی ترقی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر متفق ہوگئے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے بیجنگ میں اپنے چینی ہم منصب شی جن پنگ سے ملاقات کی ہے۔ بیجنگ کے گریٹ ہال آف چائنہ پہنچنے پر چینی صدر نے استقبال کیا، صدر مملکت آصف علی زرداری کے اعزاز میں سٹیٹ چوبند دستے نے گارڈ آف آنر دیا گیا، اس موقع پر پاکستان اور چین کے قومی ترانے بھی بجائے

(بقیہ 57 روزنامہ صفحہ 2)

لاہور سیالکوٹ موٹروے پر اسلحے کی اسمگلنگ ناکام بنادی گئی، 4 ملزمان گرفتار

لاہور (آئی این پی) موٹروے پولیس نے لاہور سیالکوٹ موٹروے اسلحے کی اسمگلنگ ناکام بنا دی، کارروائی میں چار جاں بحق ملزمان بھی گرفتار کرلیے گئے۔ ترجمان موٹروے کے مطابق محمود بوٹی کے قریب موٹروے پولیس نے ایک مشکوک کار کو چیکنگ کے لیے روکا تو کار سے دو سب مشین گن، دو رائفل، دو پستول اور گولیاں برآمد ہوئیں۔ کار سے ڈی کا ٹی سیٹ پولیس لائسنس سمیت دو ملزمان کو حراست میں لیا گیا۔ ایک ملزم کے قبضہ سے ایک جنبہ دونوں ممالک کے صدور نے اپنے وفود کا تعارف کروایا۔ اس کے حوالے کر دیا گیا۔ موٹروے پولیس نے لاہور سیالکوٹ موٹروے اسلحے کی اسمگلنگ ناکام بنا دی، کارروائی میں چار مشکوک ملزمان بھی گرفتار کرلیے گئے۔ ترجمان موٹروے کے مطابق محمود بوٹی کے قریب موٹروے پولیس نے ایک مشکوک کار کو چیکنگ کے لیے روکا تو کار سے دو سب مشین گن، دو

(بقیہ 58 روزنامہ صفحہ 3)

سرکار کراچی پولیس ہلاکت کرلوٹ مار کرنے والے 3 جعلی کانسٹیبل گرفتار

ترجمان ساؤتھ زون پولیس کے مطابق ملک کی بنیاد پر تھانے منتقل کرکے بعد ازاں گرفتار کرلیا گیا، ملزمان کا مجرمانہ ریکارڈ بھی موجود ہے

جعلی کانسٹیبل کراچی کے مختلف علاقوں میں جعلی گشت کرتے تھے، دوران پیٹرولنگ روکے جانے پر ملزمان نے خود کو پولیس اہلکار ظاہر کیا

کراچی (آئی این پی) کراچی میں میڈیکو پولیس نے اہم کارروائی کرتے ہوئے پولیس اہلکار بن کر لوٹ مار کرنے والے 3 جعلی کانسٹیبل کو

(بقیہ 60 روزنامہ صفحہ 3)

کراچی ایڈیشنل ریلوے ایپ گریڈیشن منصوبے میں اہم پیشرفت، منصوبہ جلد شروع ہونے کا امکان

پچھلی مارچ کی فنڈرامی بلاک کے آخر میں پالیسی کا دورہ کریگا، ایم ایل ون منصوبے کے مالیاتی پلان کو حتمی شکل دی جائے گی

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی کابینہ کے فیصلے کے بعدی یک کے تحت 6 ارب 70 کروڑ ڈالر کے کراچی ایڈیشنل ریلوے ایپ گریڈیشن منصوبے میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے جس کے منصوبے پر جلد کام کا شروع کرنے کی راہ ہموار ہوگئی۔ پچھلی مارچ کی فنڈرامی بلاک کے آخر میں پاکستان کا دورہ کرے گا جس دوران ایم ایل ون منصوبے کے مالیاتی پلان کو حتمی شکل دی جائے گی، بڈ تک کے بعد منصوبے پر فزری کام کا آغاز کیا جائے گا۔ وفاقی کابینہ نے اگست 2024 میں ایم ایل ون منصوبے کے پہلے مرحلے پر مالیاتی یقین دہانی کے حوالے سے مذاکرات شروع کرنے کی منظوری دی تھی۔ حکومتی ذرائع کے مطابق ایم ایل 85 فیصد یا 5 ارب 70 کروڑ ڈالر فنڈز یقین

(بقیہ 61 روزنامہ صفحہ 3)

پکھوال میں ضلعی انتظامیہ سیت مختلف تنظیموں کی طرف سے یوم کشمیر بھرپور طریقے سے منایا گیا

پکھوال (آئی این پی) پکھوال شہر میں ضلعی انتظامیہ سیت مختلف تنظیموں کی طرف سے یوم کشمیر بھرپور طریقے سے منایا گیا اور ضلع پکھوال کے دروازے کشمیر کے پاکستان کے لوگوں پر کھل گئے۔ پکھوال میں ڈپٹی کمشنر قراۃ العین ملک کے زیر اہتمام 5 فروری کے حوالے سے یوم کشمیر یکجہتی کی ریلی کی۔ جس میں جاوید لطیف نے کہا ہے کہ پہلا قانون لانیکا اسسٹنٹ کمشنر پکھوال ڈیشان شریف قیصر ملی ہی اے ایم ایم ایم کی طرف سے کشمیر کی طرف تعاون کے لیے ہم کشمیر کمیٹی کے ذریعے ایک ایک اسکول و کالج مدد کریں گے۔ ایک ایک کالج کو اور ایک ایک سکول کو اور ایک ایک کالج کو اور ایک ایک اسکول کو اور ایک ایک کالج کو اور ایک ایک اسکول کو اور ایک ایک کالج کو اور ایک ایک اس